# 20-06-2024 THURSDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆ ڈپٹی چیف منسٹر ملو بھٹی وکرما رکا نے ریاست میں سنگارینی کالریز کمپنی کی کوئلہ کی کانوں کی نیلامی کے مرکز کے فیصلہ پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔

☆ ریاستی وزیر ٹرانسپورٹ پونم پربھا کر نے کہا ہے کہ کانگریس حکومت ریاست میں عوام کی بہبود کیلئے صحت عامہ سے متعلق مزید پروگرام شروع کرے گی۔

☆ سپریم کورٹ نے نیٹ انڈر گریجویٹ پیپر لیک سے متعلق ملک کی مختلف ہائی کورٹس میں زیر دوراں مقدمات پر روک لگا دی ہے۔

☆ گروپ 2 اور 3 کی جائیدادوں میں اضافہ کا مطالبہ کرتے ہوئے کئی بے روزگار نوجوانوں نے آج اندرا پارک کے دھرنا چوک پر احتجاج کیا۔

☆☆☆☆☆

گروپ ٹو کی جائیدادوں میں 2 ہزار اور گروپ تھری کی جائیدادوں میں تین ہزار کے اضافہ کا مطالبہ کرتے ہوئے کئی بے روزگار نوجوانوں نے آج اندرا پارک کے دھرنا چوک پر احتجاج کیا۔ ریاست بھر سے آئے کئی احتجاجیوں نے اس دھرنے میں حصہ لیا۔ انہوں نے ریاستی حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ گروپ ون کے امتحان میں ہر سو امیدواروں میں سے ایک امیدوار کے انتخاب پر غور کریں۔ انہوں نے کانگریس حکومت سے یہ مطالبہ بھی کیا کہ وہ گروپ ٹو اور تھری کے امتحانات ڈسمبر تک ملتوی کردے۔ انہوں نے سرکاری اور مجالس مقامی کے اسکولوں میں اساتذہ کی بھرتی کیلئے میگا ڈسٹرکٹ سیلیکشن کمیٹی یعنی DSC نوٹیفکیشن کا بھی مطالبہ کیا۔ احتجاجیوں نے حکومت پر زور دیا کہ وہ جی او 46 کو منسوخ کردے اور اقامتی تعلیمی اداروں میں بھرتی کے لئے منتخب امیدواروں کو اپنے عہدوں سے مستعفی ہونے کا موقع فراہم کرے۔

☆☆☆☆☆

انفورسمنٹ ڈائرکٹوریٹ نے آج پٹن چیرو میں مقامی ایم ایل اے جی مہی پال ریڈی اور ان کے چھوٹے بھائی مدھوسدن ریڈی کے مکانات پر بیک وقت چھاپے مارے۔ انفورسمنٹ ڈائرکٹوریٹ نے حیدرآباد کے نظام پیٹ میں آج صبح رکن اسمبلی کے قریبی رشتہ داروں کے مکانات کی بھی تلاشی لی۔ مہی پال ریڈی بی آر ایس ٹکٹ پر تین مرتبہ پٹن چیرو سے ایم ایل اے منتخب ہوئے ہیں۔ انفورسمنٹ ڈائرکٹوریٹ یا ایم ایل اے نے چھاپوں کے بارے میں اب تک کوئی بیان نہیں دیا۔

☆☆☆☆☆

سکندرآباد کنٹونمنٹ حلقہ سے منتخب ہونے والے کانگریس کے ایم ایل اے سری گنیش نے آج اسمبلی میں حلف لیا۔ اسپیکر گڈم پرساد نے انہیں حلف دلایا۔ اس پروگرام میں امور مقننہ کے وزیر ڈی سریدھر بابو، حیدرآباد کے انچارج وزیر پونم پربھا کر اور دوسروں نے شرکت کی۔ اسپیکر اور وزراء نے سری گنیش کو مبارکباد دی۔

☆☆☆☆☆

گولکنڈہ، سکندرآباد اور لال دروازہ کی مندروں کی کمیٹیوں کے ارکان نے آج چیف منسٹر ریونت ریڈی سے ملاقات کی اور انہیں بونالو تہوار میں شرکت کی دعوت دی۔ تینوں مندروں کے پجاریوں نے چیف منسٹر کو آشیرواد دیا۔ اس موقع پر ریاست کے وزیر پونم پربھاکر، رکن اسمبلی دانم ناگیندر اور دوسرے موجود تھے۔

☆☆☆☆☆

نیشنل ہائی ویز اتھارٹی آف انڈیا نے میڈیا کی ان اطلاعات کی تردید کی ہے کہ نیٹ پیپر لیک میں ملوث افراد نے پٹنہ میں اس کے گیسٹ ہاؤز میں قیام کیا تھا۔ ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کی وزارت کی نوڈل ایجنسی NHAI نے وضاحت کی ہے کہ پٹنہ میں اس کا کوئی گیسٹ ہاؤز نہیں ہے۔

☆☆☆☆☆

آندھراپردیش کی حکومت نے سی ایچ دوارکا ترو ملا راؤ کو ریاست کا نیا ڈائرکٹر جنرل آف پولیس مقرر کیا ہے۔ چیف سکریٹری نیرب کمار پرساد نے کل رات ان کے تقرر کے احکام جاری کئے۔ موجودہ ڈی جی پی ہریش کمار گپتا کا تبادلہ کرتے ہوئے انہیں پرنسپل سکریٹری ہوم مقرر کیا گیا ہے۔

☆☆☆☆☆

ٹکسٹائیل کے مرکزی وزیر گری راج سنگھ نے آج دہلی میں ٹکسٹائیل انڈسٹری کونسل کے نمائندوں کے ساتھ تبادلہ خیال کیا۔انہوں نے ٹکسٹائیل کی صنعت کے نمائندوں کے ساتھ مختلف امور پر غور وخوص کیا۔اوراس شعبہ کوفروغ دینے کیلئے صنعت کاروں سے تجاویز طلب کیں۔انہوں نے اس صنعت سے جڑے تمام افرااداوراداروں سے کہا کہ وہ اپنے مسائل اوران کے حل کے بارے میں تفصیلات انہیں روانہ کریں۔ہمارے نامہ نگار نے بتایا کہ گری راج سنگھ نے مرکزی وزیر کی حیثیت سے جائزہ لینے کے بعد پہلی مرتبہ اس نوعیت کا اجلاس طلب کیا۔مرکزی مملکتی وزیر برائے ٹکسٹائیل پابترا مرگھریٹا اوروزارت کے اعلیٰ عہدیداروں نے اس اجلاس میں شرکت کی۔

☆☆☆☆☆

ریاستی وزیرٹرانسپورٹ پونم پربھاکر نے کہا ہے کہ کانگریس حکومت ریاست میں عوام کی بہبود کیلئے صحت عامہ سے متعلق مزید پروگرام شروع کرے گی۔سوماجی گوڑہ میں راج بھون ہائی اسکول کی جانب سے منعقدہ ریاستی سطح کے نیشنل ڈی وارمنگ ڈے پروگرام میں انہوں نے شرکت کی۔اس موقع پرانہوں نے کہا کہ ڈی وارمنگ کی گولیاں بچوں کی جسمانی نشوونما کیلئے مفید ہوں گی۔انہوں نے والدین کومشورہ دیا کہ وہ بچوں کوان گولیوں کے استعمال کی ترغیب دیں۔پونم پربھاکر نے کہا کہ گیارہ لاکھ ستیتر ہزار بچوں کی بہبود کیلئے آج سے ستائیس تاریخ تک ڈی وارمنگ گولیاں تقسیم کی جائیں گی۔انہوں نے کہا کہ تمام محاذوں پرمحکمہ طب وصحت کومستحکم کرنے کیلئے وزیرصحت داموددراج نرسمہانے ایک اجلاس منعقد کیا ہے۔

☆☆☆☆☆

سکندرآباد میں آج پٹری پرکھڑی ایک پینٹری کارکوچ میں آگ لگ گئی۔یہ واقعہ ریل نیلائم کے پیچھے مٹوگوڑہ اسٹیشن کے قریب پیش آیا۔فائرانجنوں کے جائے وقوع پرپہنچنے سے پہلے ریلوے پروٹیکشن فورس کے ملازمین نے آگ پرقابو پالیا۔ریلوے عہدیداروں نے بتایا کہ ایک پینٹری کاراورایک اے سی تھری ٹائرکوچ تیار رکھے گئے تھے۔فائرانجن کے پہنچنے تک تقریباًپچاس فیصد کوچ جل گیا۔آگ کی وجہ کاپتہ لگانے کیلئے تحقیقات جاری ہیں۔

☆☆☆☆☆

کوئلوں اورکانوں کے مرکزی وزیرکشن ریڈی نے آج کوئلے کے تجارتی بلاکس کے انتظامیہ کاجائزہ لیا۔انہوں نے دہلی میں کوئلہ کی وزارت کے عہدیداروں کے ساتھ ایک اجلاس منعقد کیا۔اجلاس کے دوران مرکزی وزیر نے ریاستی حکومت اور ماحولیات،جنگلات اور ماحولیاتی تبدیلی کی مرکزی وزارت کے بشمول تمام متعلقہ اداروں کے درمیان قریبی تعاون کی ضرورت پرزوردیا تاکہ مختص کیے گئے کوئلہ کے بلاکس کومختصر وقت میں کارکرد بنانے کیلئے منظوریوں کے عمل میں تیزی لائی جاسکے۔کشن ریڈی نے کوئلہ کے شعبہ میں خودانحصاری کے حصول کیلئے کوئلہ کی درآمدات کوکم کرنے کیلئے کوئلہ کی زائد پیداوار کی ضرورت پرزوردیا۔انہوں نے ریاستی سطح پراداروں کی صلاحیتوں کوبہتر بنانے کی اہمیت پربھی زوردیا۔مرکزی وزارت نے اب تک پانچ سوپچھتر میٹرک ٹن کی گنجائش والی 161 کوئلہ کی کانوں کی نیلامی کی ہے۔

☆☆☆☆☆

ڈپٹی چیف منسٹر ملوبھٹی وکرمارکا نے ریاست میں سنگارینی کالریز کمپنی کی کوئلہ کی کانوں کی نیلامی کے مرکز کے فیصلہ پرتشویش کااظہار کیا ہے۔کھمم میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بی آرایس کی پچھلی حکومت اورمرکز میں بی جے پی کی زیرقیادت مرکزی حکومت کے اقدامات ریاست کے عوام کے مفادات کے خلاف ہیں۔انہوں نے کہا کہ اس فیصلہ سے سنگارینی کالریز کے بیالیس ہزارراست ملازمین اورچھبیس ہزارآؤٹ سورسنگ ورکرس متاثرہوئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ تلنگانہ میں اس وقت چالیس کانوں سے کوئلہ نکالا جارہا ہے لیکن ان میں سے بائیس کانوں میں کوئلہ کاذخیرہ ختم ہونے کے قریب ہے۔یہ کانیں 33-2032 تک بند ہوجائیں گی۔انہوں نے 2032 کے آگے سنگارینی کے کام کاج کوبرقراررکھنے کیلئے کوئلہ کی نئی کانوں کے حصول کی ضرورت پرزوردیا۔ملوبھٹی وکرما آرکانے الزام لگایا ہے کہ بی آرایس کے ارکان پارلیمنٹ نے مائنس اینڈمنیرلس(ڈیولپمنٹ اینڈ ریگولیشن)ایکٹ 1957 کے ترمیمی بل کی تائید کی تائید تھی۔اس کے تحت لیزپرکوئلہ کی کانوں کی نیلامی کی اجازت دی گئی۔تاہم اب یہی پارٹی متضادموقف اختیار کرتے ہوئے سنگارینی کے مستقبل پرتشویش کااظہار کررہی ہے۔انہوں نے سنگارینی کیلئے کوئلہ کانوں کی تفویض کے حصول کیلئے ضرورت پڑنے پروزیراعظم سے ایک کل جماعتی وفد کی ملاقات کی تجویز پیش کی۔

☆☆☆☆☆

سپریم کورٹ نے نیٹ انڈر گریجویٹ پیپر لیک سے متعلق ملک کی مختلف ہائی کورٹس میں زیر دوراں مقدمات پر روک لگا دی ہے۔نیشنل ٹسٹنگ ایجنسی کی جانب سے دائر کی گئی عرضی پر سپریم کورٹ کی ایک دوکشن بنچ نے یہ اسٹے دیا۔جسٹس وکرم ناتھ کی زیر قیادت بنچ نے سماعت کی اگلی تاریخ تک مختلف ہائی کورٹس میں زیر دوراں مقدمات پر اسٹے دیدیا۔دلائل کی سماعت کے دوران این ٹی اے کے وکیل نے بنچ سے کہا کہ گزشتہ ہفتہ سپریم کورٹ کی جانب سے نوٹس کی اجراء کے باوجود ہائی کورٹس ایسی عرضیوں کی سماعت کررہی ہیں جن میں نیٹ میں مختلف بے قاعدگیوں کے الزامات لگائے گئے ہیں۔امتحان کو منسوخ کرنے کیلئے دائر کی گئی عرضیوں اور این ٹی اے کی ٹرانسفر پٹیشن پر آٹھ جولائی کو سماعت ہوگی۔

☆☆☆☆☆

فینانس اور کارپوریٹ امور کے وزیر نرملا سیتارامن نے بجٹ سے قبل آج دہلی میں فینانشل اور کیپٹل مارکٹس کے ماہرین کے ساتھ مشاورت کی۔2024-25 کے عام بجٹ کے سلسلہ میں دوسرا اجلاس منعقد کیا گیا۔

☆☆☆☆☆

گورنر سی پی رادھا کرشنن نے کل دسویں بین الاقوامی یوگا ڈے کے موقع پر ریاستی عوام کو مبارک باد دی ہے۔اس سال بین الاقوامی یوگا ڈے کا موضوع یوگا خود کے لئے اور سماج کے لئے ہے۔اس سال یوگا ڈے کے موقع پر منعقد ہونے والے پروگراموں میں اس بات کو اجاگر کیا جائے گا کہ یوگا کس طرح افراد کی بہتری کو فروغ دے سکتا ہے اور کس طرح ایک صحت مند سماج کی تعمیر میں اپنا رول ادا کرسکتا ہے۔

☆☆☆☆☆